INTERLOOP

30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے حتمی نقد منافع منقسمہ کا کریڈٹ

ہمیں آپ کو یہ اطلاع دیتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ 30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے 2 روپے فی شیئر (20%) کی شرح سے حتمی نقد منافع منقسمہ (D-10)، 19 اکتوبر، 2023 کو اُن شیئر ہولڈرز کے بتائے ہوئے بینک اکاؤنٹس میں الیکٹرانک طریقے سے کریڈٹ کر دیا گیا ہے، جنھوں نے اپنے سی این آئی سی اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹس نمبر (IBAN) فراہم کیے تھے۔

کمپنی نے، کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کے تقاضوں اور بعد میں سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے SRO 1145 (I) / 2017 کے ذریعے جاری کردہ نوٹیفکیشن کی تعمیل کرتے ہوئے اُن شیئر ہولڈرز کا منافع منقسمہ روک لیا ہے جنھوں نے ابھی تک IBAN سمیت اپنی مکمل بینک تفصیلات فراہم نہیں کی ہیں۔ لہٰذا، شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے استحقاق کے اجرا کے لیے اپنے کارآمد سی این آئی سی کی ٹھیک سے نظر آنے والی کاپی اور IBAN سمیت مکمل بینک تفصیلات کے ساتھ کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔

شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے اور ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی، عدم ادائیگی یا روک لیے جانے، سے متعلق معلومات / تفصیلات اور ان پر زکوٰۃ اور ٹیکس کی کٹوتی کی رپورٹ کے لیے خود کو ویب پورٹل https://csp.cdcaccess.com.pk کے ذریعے CDC کی ای سروسز سہولت "Centralized Cash Dividend Register" (CCDR) کے پاس رجسٹر کروائیں۔ مزید برآں، آپ کو آپ کے فراہم کردہ رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر اس رپورٹ کی کاپی بھی موصول ہوگی۔

کسی استفسار کی صورت میں براہ کرم مندرجہ ذیل پتہ پر ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کیجیے:

میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400

فیصل آباد
20 اکتوبر، 2023

(رانا علی رضا)
کمپنی سیکریٹری